لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد اور سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

The Daily 92 News

786/92

روزنامہ 92 نیوز سرگودھا

بانی و ایڈیٹر محمد حمید ارامین

قیمت 20 روپے

صفحات 10

جلد 6 | جمعۃ المبارک 18 رجب المرجب 1444ھ 10 فروری 2023ء 29 ماگھ 2079ب | شمارہ 148

FRIDAY, FEBRUARY 10, 2023

# سی ای او پوسٹل لائف انشورنس وفاقی محتسب سیکرٹریٹ طلب

## سرگودھا ریجن کے زیر التوا 1 کروڑ، 25 لاکھ کے کلیم کے چیک متاثرین میں تقسیم

سرگودھا (خبر نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پوسٹل لائف انشورنس کے سی ای او کو پالیسی ہولڈرز کی رقوم کی واپسی میں تاخیر پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ طلب کر لیا۔ پوسٹل لائف انشورنس کے پالیسی ہولڈرز جنکی دو، دو سال سے کلیم کی رقوم نہ مل رہی تھی اور جنکی فہرست (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

**بقیہ | محتسب | 14**

انچارج ریجنل آفس سرگودھا نے وفاقی محتسب کو مہیا کی تھیں انکی شکایات کے ازالہ کیلئے سی ای او پوسٹل لائف نے سرگودھا ریجن کے زیر التوا کلیم جو کہ ایک کروڑ اور پچیس لاکھ بنتے تھے انکے چیک پیش کر دیئے اور متعلقہ فیلڈ آفس سے متاثرین کو چیک تقسیم کر دیئے گئے۔ وفاقی محتسب کی ذاتی دلچسپی اور کاوش سے ساٹھ کے قریب خاندانوں کو رقوم مل گئیں اس احسن اقدام کو بہت سراہا گیا اور ریجنل آفس سرگودھا کی کارکردگی کو بھی عوامی حلقوں میں بہت ستائش ملی ہے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ کارکردگی صرف پچھلے دو تین ماہ کی ہے۔